# ایگریکلچر فائنانس لٹریسی پروگرام

البرکہ بینک پاکستان لمیٹڈ

ایگریکلچر فائنانس لٹریسی پروگرام:

بینک اور دیگر مالی اداروں کی طرف سے کسانوں کو زرعی ترقی کے لیے ضروری اور بر وقت مالی معاونت کی فراہمی کسانوں کی موجودہ اور متوقع ذرائعَ امدن میں اضافہ کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ مالی معاملات کیَ اگاہی اور دستیاب وسائل کا بہتر استعمال کسانوں کی خوشحال زندگی کے ساتھ ساتھ خوشحال پاکستان کی طرف بھی ایک اہم قدم ہے۔

پروگرام کے مقاصد:

1. کسانوں کو برابری کی بنیاد پہ زراعت سے متعلق مالی معاونت فراہم کرنا۔
2. کسانوں کو بینک کی موجودہ مہیا کردہ مصنوعات و خدمات سے متعارف کرانا۔
3. کسانوں کو صارف کی حیثیت سےُان کے حقوق و فرائض سےَاگاہ کرنا۔
4. بینک کی سہولیات سے محروم کسانوں کی مالی معلومات و خدمات تک رسائی کو ممکن بنانا اور ان کے فوائد سےَاگاہ کرنا۔
5. اسٹیٹ بینک کی متعارف کردہ رعائیتی اسکیموں کے بارے میں معلومات فراہم کرنا۔
6. مالی معاونت کےَاسان حصول کے لیے درخواست، قابل قبول ضمانتی دستاویزات اور منظوری کی مدت سے متعلق تمام بنیادی اور ضروری معلومات فراہم کرنا۔

بینکر کسان کا دوست ہے:

بینکر کو کسان کی سر گرمیوں اور ضروریات کا علم ہوتا ہے اور وہ زرعی مالی معاونت کی موزوں مصنوعات کے متعلق مؤثر معلومات کے ذریعے کسان کی مدد کرتا ہے۔ اس کے علاوہ بینکر کسان کو بینک سے لیے گئی مالی معاونت کے بہترین استعمال اور مالی معاونت کی واپسی کے مناسب طریقہ کار کے بارے میں مشورے دیتا ہے۔

بینک کیوں ضروری ہے؟

## غیر رسمی شعبے سے مالی معاونت
(آڑھتی، کمیشن ایجینٹس، دوست، رشتہ دار)

1. وہ نفع کی بلند شرح طلب کرتے ہیں۔
2. غیر رسمی ذریعے سے مالی معاونت مانگنا آپ کے سماجی رتبے کو کم کرتا ہے۔
3. کسانوں کو زیادہ قیمت پر غیر معیاری خام مال خرید نا پڑتا ہے۔
4. کسانوں کو اپنی پیداوار منڈی کی قیمت سے کم پر فروخت کرنا پڑتی ہے۔
5. قدرتی آفات کی صورت میں فصلوں کو پہنچنے والے نقصان کو تحفظ حاصل نہیں ہوتا۔

## رسمی شعبے سے مالی معاونت
(کمرشل بینک، مائیکروفنانس بینک، اسلامی بینک، ترقیاتی مالی ادارے)

1. کم نفع پر مالی معاونت دینا۔
2. بینکوں سے مالی معاونت لینا کسانوں کا حق ہے۔
3. کسان مناسب قیمت پر اپنی پسند اور معیار کا خام مال خرید سکتے ہیں۔
4. کسان اپنی زرعی پیداوار منڈی کی قیمت پر کسی بھی خریدار کو فروخت کر سکتے ہیں۔
5. قدرتی آفات سے زرعی پیداوار کو پہنچنے والے نقصان کی صورت میں متعلقہ زرعی مالی معاونت کو تکافل کے ذریعے تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔



درست مالی معاونت کا انتخاب:

کسانوں کی زرعی مالی معاونت کی ضروریات وقت اور سرگرمی کی نوعیت کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔
کسانوں کو قلیل مدت کے لیےفصلی مالی معاونت یا طویل مدت کے لیے ترقیاتی مالی معاونت کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
کسانوں کو کاشتکاری کی مخصوص سرگرمی اور مالی معاونت کی اپنی ضروریات کے بارے میں واضح علم ہونا چاہیے۔
کسانوں کا وقت اور پیسہ بچانے کے لیے درست مالی معاونت کا انتخاب اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔
بینک کے متعلقہ اہل کاروں سے کسان کی مشاورت فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔
زرعی مالی معاونت فصلی اور غیر فصلی مقاصد کے لیے استعمال ہو سکتے ہیں۔

زرعی مالی معاونت کی اقسام:

1- پیداواری مالی معاونت:

یہ مالی معاونت فصلی اور غیر فصلی سرگرمیوں سے متعلق روزمرہ اخراجات کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔اس طرح کے مالی معاونت کی مدت قلیل ہوتی ہے جو چھ ماہ سے دو سال تک ہے۔

2- ترقیاتی مالی معاونت

یہ مالی معاونت بھی فصلی اور غیر فصلی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

ان کا مقصد زرعی ترقیاتی سرگرمیاں ہیں۔

یہ تین سے دس سال کی مدت کے لیے دستیاب ہوتے ہیں۔

اوپر دیے گئی مالی معاونتوں کے علاوہ کسان زیادہ سے زیادہ پانچ لاکھ روپے تک ذاتی ضمانت پر بھی مالی معاونت حاصل کر سکتا ہے۔

کون مالی معاونت لے سکتا ہے؟

ہر پاکستانی باشندہ:

- جو کمپیوٹرازڈ شناختی کارڈ رکھتا ہو۔
- اراضی کا مالک یا پٹہ دار ہو۔
- علاقے کا مستقل رہائشی ہو۔
- خود کاشتکاری کرتا ہو، ایسا مالک نہ ہو جو غیر حاضر رہتا ہو۔
- کسی اور بینک یا مالیاتی ادارے کا نادہندہ نہ ہو۔
- معاشرے اور منڈی میں اچھی ساکھ اور شہرت کا حامل ہو۔
- مالی معاونت کی واپسی کے قابل ہو۔
- مناسب سیکیورٹیز، زرعی پاس بک یا ضمانت پیش کر سکتا ہو۔

بینکَ اتے وقت کسان مندرجہ ذیل کاغذات ساتھ لائے:

1. اصلی کمپیوٹرازڈ شناختی کارڈ
2. کسان کے مالکانہ حقوق کے ثبوت کے طور پر زرعی پاس بک
3. اراضی کی کاشت کاری کے ثبوت کے طور پر خسرہ گردواری
4. نقل فرد جمع بندی

کسان سے بینکر کے ممکنہ سوالات:

1. آپ کے مالی معاونت کی ضروریات کیا ہیں اور کس مقصد کے لیے ہیں؟
2. کیا اراضی آپ کے نام پر ہے؟
3. کیا آپ کے پاس کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، زرعی پاس بک اود دیگر ضروری دستاویزات ہیں؟
4. آپ کے پاس زراعت سے متعلق کیا تجربہ ہے؟
5. کیا آپ نے کسی اور بینک یا مالی ادارے سے مالی معاونت لیا ہے؟
6. بینک سے لیا ہوا مالی معاونت آپ کیسے واپس کریں گے؟

مالی معاونت لیتے وقت متعلقہ بینکَ اپ کے مندرجہ ذیل کاغذات کی تصدیق کرے گا:

1. نادرا سے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق
2. ریوینیو ریکارڈ سے زرعی پاس بک، خسرہ گرداوری کی تصدیق
3. زرعی اراضی کی ملکیت، کاشتکاری، اور علاقے میں رہائش کی تصدیق
4. مالی معاونت کے سابقہ ریکارڈ کی ای سی آئی بی سے تصدیق
5. مالی معاونت لینے والے کی اپنے علاقے کے لوگوں میں مالی لین دین کے حوالے سے ساکھ
6. آمدنی کے دیگر ذرائع

منظوری سے قبل ان دستاویزات کی ضرورت ہوگی:

1. مقررہ فارم پر مالی معاونت کی درخواست
2. کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی نقل
3. دوعدد پاسپورٹ سائز تصاویر
4. زرعی پاس بک
5. خسرہ گرداوری یا فیلڈ بک کی نقل
6. نقل فرد جمع بندی یا فرد ملکیت
7. شہری جائیداد کی صورت میں رجسٹری یا فروخت نامہ
8. کاشت کاری یا غیر فصلی سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی زرعی اراضی کا مؤثر پٹا نامہ یا پٹہ داری کا معاہدہ
9. شہری جائیداد کی صورت میں جائیداد کی مالیت جانچنے کی رپورٹ
10. ٹریکٹر اور دیگر زرعی مشینری کی مالی معاونت کی صورت میں مجاز ڈیلر سے حاصل کردہ پیشکش

منظوری کے بعد کے دستاویزات:

مالی معاونت کی منظوری کے بعد مندرجہ ذیل دستاویزات کی بینک کو ضرورت ہو گی:

1. اسلامی پراڈکٹس کے مطابق معاہدے کےکاغذات
2. زیر بار ہونے کا سرٹیفیکیٹ
3. پرت پٹوار، تحصیلدار، مختیار کار سے تصدیق شدہ دیہہ فارم ہفتم بی
4. شہری املاک کی صورت میں رجسٹرڈ مساویانہ رہن نامہ

5. ٹریکٹر کی مالی معاونت کی صورت میں ٹریکٹر، گاڑی کی مشترکہ رجسٹریشن، رہن اور جامع تکافل

قابل قبول ضمانتی دستاویزات:

بنیادی ضمانت

جانور، زرعی آلات، زرعی گودام کی رسید ، اثاثہ جات کو بطور ضمانت رکھنا دیگر ضمانتیں

زرعی پاس بک کے ذریعے تخلیق کردہ زرعی اراضی پر بینک کا بار مساویانہ،

کمرشل، رہائیشی دیہی، یا شہری جائیداد کا رجسٹرڈ رہن

علاقے کے معروف زمینداروں کی شخصی یا گروپ ضمانتیں

جن اثاثوں پر مالی معاونت دیا جا رہا ہے وہ خطرات و نقصانات کے حوالے سے جامع طور پر تکافل ہو

مالی معاونت کی حد کا تعین اور واپسی کی شرائط:

مالی معاونت کی حد کا تعین درکار رقم کی جانچ، منصوبے کی فیزیبلیٹی، نقد بہاؤ، زرعی مالی معاونت افسر اور برانچ مینیجر کے دورے کی بنیاد پر کیا جاتا ہے، ضمانت کے لیے دی جانے والی اراضی کی مالیت پیداواری یونٹ کے تحت مالی معاونت کی رقم سے ۲۰ فیصد زائد ہونا ضروری ہے یا زمین کی تین سال کی مالیت فروخت پر جانچی گئی ہو۔ عام طور پر پیداواری مالی معاونت میں سالانہ کلین اپ کی سہولت اور منافع کی ادائیگی کے ساتھ ایک سال کی توسیع ہوتی ہے۔ بینک کسانوں کے سابقہ مالی معاونت کے لین دین کو دیکھتے ہوئے پیداواری مالی معاونت میں سال بہ سال تجدید یا تو سیع کر سکتا ہے۔ جبکہ میعادی ترقیاتی مالی معاونت قسط وار بنیادوں پر 1 سے 10 سال کے لیے جاری کیا جاتا ہے۔ پیداواری مالی معاونت کو آئندہ مدت کے لیے مالی معاونت کی تجدید کے ذریعے جاری رکھا جا سکتا ہے جبکہ میعادی ترقیاتی مالی معاونت مقررہ مدت کے لیے جاری کیا جاتا ہے اور اسے مقررہ مدت میں ادا کرنا ہوتا ہے۔

منافع کس طرح کم رکھا جائے؟

مالی معاونت کا صحیح استعمال بہر صورت اہم ہے اس سے مالی معاونت کی واپسی کے لیے درکار رقم اور کاشتکاری کے شعبے میں مستقبل کی سرمایہ کاری کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے۔ کسان کو بینک سے اس وقت رقم نکلوانی چاہیے جب اسے کسی مخصوص زرعی سرگرمی کے لیے رقم درکار ہو۔ اور جب نقد رقم دستیاب ہو تو اسے یہ مالی معاونت واپس کر دینا چاہیے۔ مالی معاونت کی قسط بروقت ادا کی جانی چاہیے تا کہ اضافی منافع سے بچا جا سکےاور مالی معاونت کی بہتر ادائیگی کا ریکارڈ قائم کیا جا سکے۔

نادہندگی اور اس کے نتائج:

نا دہندگی کا مطلب اصل رقم یا منافع کی مقررہ تاریخ پر عدم ادائیگی ہے۔

مالی معاونت کی رقم واپس کرنا نہ صرف مالی بلکہ مذہبی ذمہ داری بھی ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل نتائج ہو سکتے ہیں

متعلقہ بینک کی جانب سے اضافی منافع عائد ہوتا ہے جس کے باعث مالی معاونت کی لاگت بڑھ جاتی ہے۔

مالی معاونت نادہندہ کا نام ای سی آئی بی میں آ جائے گا، جس کی وجہ سے وہ کسی بھی اور بینک سے مالی معاونت لینے کے لیے نااہل قرار پائے گا۔

معاشرے اور مارکیٹ میں شہرت کو نقصان پہنچے گا اور بدنامی ہو گی۔

مالی معاونت نا دہندہ کے خلاف قانونی کاروائی کی جا سکتی ہے، جس کے نتیجہ میں اسے سزا ہو سکتی ہے اور اس کی جائیداد ضبط کی جا سکتی ہے۔

فصلی مالی معاونت کی تکافل اسکیم:

اسٹیٹ بینک نے سنہ2008 سے بینکوں کے ذریعے فصلی مالی معاونت کے الزامی تکافل کی سکیم کا اجراء کیا ہے

مذکورہ سکیم کا بنیادی مقصد قدرتی آفات مثال سیلاب، شدید بارشوں، طوفان اور زلزلوں کی صورت میں کاشتکاروں کے نقصانات کے خطرے کو کم کرنا ہے۔

فصلی مالی معاونت کا تکافل صرف پانچ بڑی فصلوں ، یعنی گندم، چاول، کپاس، گنے اور مکئ کے لیے ہے۔

حکومت چھوٹے کاشتکاروں کے فصلی مالی معاونت کے پریمیم کا ۲ فیصد تک فی
فصل ادا کر رہی ہے۔
یہ تحفظ صرف بینک سے مالی معاونت حاصل کرنے والوں کو دستیاب ہے۔

غیر فصلی مالی معاونت کی تکافل اسکیم:

حکومت پاکستان نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تعاون سے مال مویشی کے لیے تکافل
سکیم بھی متعارف کی ہے۔
اس اسکیم کے تحت چھوٹے کسان جو بینکوں سے دس جانور و ں تک کی خریداری ،جن
میں بیل، گائے اور بھینس شامل ہے، کے لیے مالی معاونت حاصل کرتے ہیں ، ان
کےتکافل کی رقم حکومت پاکستان ادا کرتی ہے۔
تکافل اسکیم سے کسان قدرتی آفات مثلا وبائی بیماری ، سیلاب ، طوفان، تیز بارش ،
خشک سالی سے پیدا ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ ہو سکتا ہے۔

بینکر کے لئے اخلاقیات:

درست مالی معاونت منتخب کرنے میں کسان کی رہنمائی کرنا
دیانتداری کے ساتھ کسان کو مالی معاونت کی مصنوعات کی تمام خصوصیات سے آگاہ
کرنا
اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں اخلاق کے ساتھ اور تعصب کے بغیرانجام دینا
مالی معاونت لینے والے کو آگاہ کرنا کہ کتنا منافع وصول کیا جائے گا اور منافع کے
تعین کا طریقہ کار کیا ہے
مالی معاونت لینے والے کے مالی معاونت کھاتے سے متعلق اسے باقاعدہ بنیاد پر
بروقت اور درست معلومات فراہم کرنا
مالی معاونت کے مؤثر استعمال اور مالی معاونت کی ادائیگی کے بارے میں
کاشتکار کی رہنمائی کرنا۔

کسان کے لئے اخلاقیات :

کسان کو چاہیے کہ وہ بینکر کو اپنی اراضی، کاشتکاری کی ضروریات، حاصل کردہ دیگر مالی معاونت کے بارے میں درست معلومات فراہم کرے۔
کسان مالی معاونت کو ایک امانت تصور کرے
کسان مالی معاونت کی شرائط و ضوابط کی پابندی کرے
مالی معاونت کی واپسی کسان کی نہ صرف قانونی بلکہ اخلاقی ذمہ داری بھی ہے۔
جیسا کہ ہمارا دین بھی ہمیں اپنے وعدوں کی پاسداری کا حکم دیتا ہے
کسان کو چاہیے کہ وہ فیس، اخراجات، منافع اور مالی معاونت کی اقساط بروقت ادا کرے اور اطمینان بخش طرز عمل اور مالی معاونت کی واپسی کو یقینی بنائے۔

# البرکہ بینک اور مالی معاونتیں

البرکہ بینک پاکستان لمیٹڈ کسان بھائیوں/بہنوں کے لیے زراعت کو فروغ اور زرعی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے زرعی اسکیمز کی ایک وسیع رینج فراہم کرتا ہے ۔ ان زرعی اسکیمزکو پاکستان میں موجود کسان برادری کی تمام تر ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے تشکیل دیا گیا ہے۔

**البرکہ زرعی فائنانس اسکیمز**

البرکہ بینک کسانوں کے لیے درج ذیل زرعی مالی معاونت فراہم کررہا ہے:

**البرکہ کھلیان فائنانس اسکیم**

فصلوں کی افزائش کے لیے کھاد، بیج، ادویات، اسپرے وغیرہ کی خریداری کے لیے کسانوں کو مالی معاونت فراہم کرتا ہے۔

**البرکہ پولٹری، ڈیری اور فش فارمنگ اسکیم**

مویشیوں اور دودھ دینے والے جانوروں/ پولٹری اور فشری کی افزائش، دیکھ بھال اور روزمرہ کی ضروریات کے لیے مالی اعانت فراہم کرتا ہے۔

**البرکہ پولٹری فارم ڈیولپمنٹ فائنانس اسکیم**

پولٹری فارمنگ کے لیے کنٹرول پولٹری شیڈ کی تعمیر کے لیے مالی اعانت فراہم کرتا ہے۔

**البرکہ خوشحالی فائنانس اسکیم**
کسانوں اور زراعت سے منسلک افراد کو زرعی مشینری،ذرائع آمدورفت، شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویلز، ہل وغیرہ خریدنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

**البرکہ لائیواسٹاک فارم فائنانس اسکیم**

بکریاں، گائے، بھیڑ اور بھینسوں اور دیگر مویشیوں کی خریدوفروخت کے لیے مالی اعانت فراہم کرتا ہے۔

**البرکہ ٹریکٹر فائنانسنگ اسکیم**

کسانوں اور زراعت کے پیشے سے منسلک افراد کو ٹریکٹر خریدنے کی سہولت فراہم کرتا ہے -

**الیکٹرانک ویئر ہاؤس ریسیپٹ فائنانسنگ**

البرکہ بینک اب منتخب زرعی اجناس کے اسٹاک کی گوداموں/ سائلوز میں حفاظت کے ساتھ ساتھ اس اسٹاک کو سیکیورٹی کے طور پر قبول کرکے فائنانسنگ کی سہولت فراہم کررہا ہے۔

ضروری دستاویزات برائے حصولِ فائنانسنگ

- درخواست دہندہ/ ضامن کے شناختی کارڈ کی کاپی مع دو تصاویر
- زرعی پاسُبک بمطابق تازہ جمع بندی/ جائیداد کے کاغذات
- فرد ملکیت/ فرد جمع بندی/ نقل انتقالات وغیرہ
- نقل خسرہ گرداوری/ دیہہ جو فارمvii / فیلڈ ُبک/ لینڈ ریونیو ٹیکس رسید
- سہ سالہ اوسط بیع/ پی - آئی- یو/ شیڈول ریٹ
- رہائش/ فارم کا یوٹیلیٹی بل
- پراجیکٹ فائنانس کی صورت میں فزیبلیٹی رپورٹ
- کوٹیشن برائے ٹریکٹر/ مشینری/ ٹیوب ویل و دیگر زرعی آلات
- چھ ماہ کی بینک اسٹیٹمنٹ )اضافی((Optional)

alBaraka Bank

# رابطہ کرنے کا طریقہ کار

البرکہ بینک (پاکستان )لمیٹڈ زرعی ضروریات کے لیے شرعی اُصولوں کے مطابق ہر قسم کی مالی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے زرعی مالی اعانت اپنے برانچ نیٹ ورک کے ذریعہ فراہم کر رہا ہے جو پاکستان کے تمام بڑے اضلاع میں پھیلا ہواہے ۔
آج ہی اپنی نزدیکی برانچ تشریف لائیں یا ہماری ٹیم سے نیچے دیے گئے فون نمبرز پر رابطہ کریں:

| | | |
|---|---|---|
| ہیڈ آفس، لاہور<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>95-B، حالی روڈ، گلبرگII ،<br>لاہور، پاکستان<br>فون: 042-35752022 | دیپالپور برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>کچہری روڈ، دیپالپور، پاکستان<br>فون: 044-4541171 | لاڑکانہ برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>بینک اسکوائر روڈ،<br>لاڑکانہ، پاکستان<br>فون: 074-4056391 |
| رحیم یار خان برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>ماڈل ٹاؤن برانچ، نزد ٹاؤن ہال،<br>رحیم یار خان، پاکستان<br>فون: 068-5885008 | شیخوپورہ برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>سرگودھا روڈ، نزدUBL ، شیخوپورہ برانچ،<br>شیخوپورہ، پاکستان<br>فون: 056-3546792 | حیدرآباد برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>123/2، کنٹونمنٹ ایریا برانچ،<br>صدر ، حیدرآباد، پاکستان<br>فون: 022-2787927 |
| گوجرانوالہ برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>دین پلازہ برانچ،<br>گوجرنوالہ، پاکستان<br>فون: 055-3820816 | فیصل آباد برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>P-5، وہاب سینٹر، سوسن روڈ، مدینہ ٹاؤن،<br>فیصل آباد، پاکستان<br>فون: 041-8555810 | جوہر آباد برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>پلاٹ نمبر 224، بلاک 4، مین بازار،<br>جوہر آباد، پاکستان<br>فون: 0454-720946 |
| منڈی بہاء الدین برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>7/186، بلاکA ، ریلوے روڈ،<br>منڈی بہاء الدین ، پا کستان<br>فون: 054-6500843 | پاکپتن برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>کالج روڈ، پاکپتن، پاکستان<br>فون: 0457-374007 | سکھر برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>ریس کورس روڈ،<br>سکھر، پاکستان<br>فون: 071-5616610 |
| ملتان برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>139-قاسم روڈ،<br>ملتان، پاکستان<br>فون: 061-4504469 | ڈیرہ اسماعیل خان برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>فوارہ چوک، نارتھ سرکلر روڈ،<br>ڈی-آئی-خان، پاکستان<br>فون: 0966-733295 | البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ سابو راہو<br>مین KPL روڈ،<br>نیشنل ہائی وے سابو راہو،<br>تحصیل سکرنڈ<br>رابطہ : 0300-3031077 |
| وہاڑی برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>46- Aبلاک، ترکھان بازار،<br>وہاڑی، پاکستان<br>فون: 067-3366282 | گلگت برانچ<br>البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ<br>ڈار بلاک، این-ایل-آئی- مارکیٹ،<br>گلگت، پاکستان<br>فون: 05811-450726 | البرکہ بینک (پاکستان ) لمیٹڈ بہاولپور<br>02رحمن سوسائٹی،<br>نور محل روڈ،<br>بہاولپور<br>رابطہ : 062-2731305 |